NHS

Public Health England

# ٹی بی، بی سی جی کی ویکسین

## اور آپ کا بچہ



immunisation

آپ کے بچے کی صحت کی حفاظت کرنے کا محفوظ ترین طریقہ

**یہ کتابچہ بی سی جی (بیسلس کلیمیٹ-گویرن) کے حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں ہے جن کی پیشکش آپ کے بچے کی ٹیوبرکلوسز (ٹی بی) کے خلاف حفاظت کرنے کے لیے کی جارہی ہے۔**

## بی سی جی کے حفاظتی ٹیکے کیا ہیں؟

بی سی جی کے حفاظتی ٹیکوں میں اُس بکٹیریا (جراثیم) کی کمزور شکل موجود ہوتی ہے جو کہ ٹی بی کا موجب بنتا ہے۔ چونکہ یہ کمزور ہوچکا ہوتا ہے اِس لیے یہ دراصل ٹی بی کا باعث نہیں بنتا، لیکن یہ آپ کے بچے کی ٹی بی کے خلاف حفاظت (مدافعت) کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے مباداً اُن کا اِس سے سامنا ہو جائے۔ بی سی جی کے حفاظتی ٹیکے شیر خوار اور چھوٹے بچوں کی ٹی بی کی زیادہ نایاب اور شدید اشکال جیسے ٹی بی مننجائٹس (دماغ کی جھلی کی سوزش) کے خلاف حفاظت کرنے میں خاص طور پر موثر ہے۔

## ٹی بی کیا ہے؟

ٹی بی بکٹیریائی انفیکشن ہے، یہ عموماً پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے لیکن یہ جسم کے کسی بھی حصے کو متاثر کرسکتی ہے۔ ممکن ہے ٹی بی کے جراثیم کی انفیکشن ٹی بی کی بیماری میں تبدیل نہ ہو۔ ٹی بی کی بیماری جسم میں دھیرے دھیرے بڑھتی ہے اور علامات ظاہر ہونے میں کئی ماہ لگ جاتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ جن میں ٹی بی کی انفیکشن ہوتی ہے اُنہیں کبھی بھی ٹی بی کی بیماری نہیں ہو گی۔ اِن لوگوں میں زندگی بھر ٹی بی کا بکٹیریا غیر سرگرم رہتا ہے۔ دیگر لوگوں میں (مثلاً جن کا مدافعتی نظام کمزور ہو)، بکٹیریا سرگرم ہوسکتا ہے اور ٹی بی کی بیماری کا موجب بن سکتا ہے۔ اِس ملک میں علاج کے بعد اکثر لوگ مکمل طور پر صحتیاب ہوجاتے ہیں لیکن اِس میں کئی ماہ لگ جاتے ہیں۔

## ٹی بی کی کیا علامات ہیں؟

ٹی بی جسم کے کسی بھی حصے کو متاثر کرسکتی ہے۔ علامات متغیر ہوں گی اور کسی بچے میں بیماری کی نشانیاں کسی بالغ فرد کی علامات سے مختلف ہوں گی۔ چونکہ ٹی بی متعدی ہے۔ اِس لیے یہ اہم ہے کہ آپ کسی دوسرے فرد میں اِس علامات کو پہچان سکیں۔

اگر آپ، آپ کے بچے یا آپ کے خاندان کے کسی دیگر فرد یا کسی دوست احباب میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی سی بھی علامت ہوں تو آپ کو ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے:

- مستقل کھانسی جو تین ہفتوں سے زیادہ جاری رہے
- بُخار
- پسینہ، خاص طور پر رات میں
- بغیر توجیہ کے وزن میں کمی
- تھکاوٹ اور طبیعت کی خرابی کا ایک عمومی اور غیر معمولی احساس
- کھانسی میں خون آنا

## ٹی بی کیسے لگتی ہے؟

آپ کو ٹی بی صرف کسی ایسے فرد سے ہی لگ سکتی ہے جن کا گلا اور پھیپھڑے پہلے ہی متاثر ہوں اور جو کھانستے ہوں۔ جب وہ کھانستے ہیں تو باریک قطروں کی ایک پھوہار سی پیدا ہوتی ہے جس میں بکٹیریا موجود ہوتا ہے۔ اگر آپ سانس کے ذریعے یہ قطرے اندر لے جائیں تو آپ کو بھی انفیکشن ہو سکتی ہے۔ انفیکشن ہونے کے خطرے کی زد پر ہونے کے لیے کسی انفیکشن شدہ فرد کے ساتھ لمبے عرصے تک قریبی رابطہ درکار ہوتا ہے، مثلاً اُسی گھر میں رہنے والا کوئی فرد۔

## ٹی بی کتنی عام ہے؟

1950 کی دہائی میں برطانیہ میں ہر سال ٹی بی کے 50،000 نئے کیس ہوتے تھے۔ آج کل ہر سال نئے کیسوں کی تعداد 6،000 سے قدرے زیادہ کی سطح تک گر گئی ہے۔ چنانچہ، جبکہ آپ کے انفیکشن لگنے کے امکانات کافی کم ہیں لیکن ہر کسی کو ٹی بی کی علامات کے بارے میں آگاہ ہونا چاہیے۔

یہ خاص طور پر اہم ہے کہ کیونکہ ٹی بی دینا بھر میں کافی زیادہ عام ہے۔

اُن لوگوں میں بیماری کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے جو کہ ٹی بی کی بلند شرح والے ممالک ہیں رہے ہوں یا وہاں کام کیا ہو۔ ایسے خاندانوں میں پیدا ہونے والے بچوں کے لیے بھی زیادہ امکان ہوتا ہے کہ وہ اپنی برادری کے انفیکشن شدہ لوگوں کے ساتھ رابطے میں آئیں، برطانیہ میں یا اپنے آبائی وطن میں۔

## میرے بچے کو بی سی جی کی پیشکش کیوں کی جارہی ہے؟

برطانیہ میں، دیگر کئی ممالک کی طرح، بی سی جی کی پیشکش ایسے بچوں کو جاتی ہے جن کا ٹی بی میں مبتلاء کسی فرد کے ساتھ رابطے میں آنے کا امکان ہوتا ہے۔ اِس میں وہ بچے شامل ہیں جو ایسے علاقے میں رہتے ہوں جہاں پر ٹی بی کی شرح بلند ہو یا ایسے بچے جن کا والدین یا والدین کے والدین کسی ایسے ملک سے آئے ہوں جہاں پر ٹی بی کی شرح بلند ہو (مزید معلومات کے لیے صفحہ 7 ملاحظہ کریں)۔

## میرے بچے میں مدافعت کیسے پیدا کی جاتی ہے؟

آپ کے بچے کے بائیں بازو کے اُوپری حصے میں بی سی جی کا حفاظتی ٹیکہ لگایا جائے گا۔

عام طور پر حفاظتی ٹیکے کی پیشکش پیدائش کے بعد، جبکہ آپ کا بچہ ابھی ہسپتال میں ہی ہو، کی جاتی ہے لیکن یہ پانچ سال کی عمر تک کسی وقت بھی لگایا جاسکتا ہے۔

## کیا اس کے کوئی ذیلی اثرات ہیں؟

ٹیکے کے فوراً بعد ایک پھولا ہوا دانہ نمودار ہو گا۔ یہ دکھاتا ہے کہ ٹیکہ اچھی طرح سے لگایا گیا ہے۔

ٹیکہ لگنے کے دو تا چھ ہفتوں کے دوران ایک پھنسی سے نمودار ہو گی۔ چند نوں تک اِس میں کافی سوجن ہو گی لیکن اگر آپ اِسے ڈھانپیں گے نہیں تو یہ آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ چھوٹا سا داغ چھوڑ سکتا ہے۔

کبھی کبار ٹیکہ لگنے والی جگہ پر آپ کے بچے کو سطحی سوجن ہو سکتی ہے۔ اگر اِس میں سے رطوبت نکل رہی ہو اور اِسے ڈھانپنے کی ضرورت درپیش ہو تو ایک خُشک پٹی استعمال کریں - کبھی پلاسٹر استعمال نہ کریں - حتیٰ کہ کھرنڈ سا بن جائے۔ اِس پھنسی کے بھرنے میں کئی ماہ لگ سکتے ہیں۔

اگر آپ متفکر ہوں یا آپ کو لگے کہ سوجن میں پس پڑ گئی ہے تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔



## کیا کوئی ایسی وجوہات ہیں جن کی بنا پر میرے بچے کو بی سی جی کا حفاظتی ٹیکہ نہیں لگنا چاہیے؟

دیگر حفاظتی ٹیکوں کی طرح ممکن ہے کہ ٹیکہ نہ لگایا جائے اِس میں تاخیر کر دی جائے اگر:

- اگر آپ کے بچے کو تیز بُخار ہو
- آپ کا بچہ جلد کی انفیکشن کی عمومی بیماری میں مبتلا ہو۔ (اگر چنبل موجود ہو تو انجیکشن کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کیا جائے گا جہاں پر جلد کٹی پھٹی نہ ہو)۔

شاذونادر، ایسے بچوں میں جن کا مدافعتی نظام کمزور ہو، حفاظتی ٹیکوں میں موجود بکٹیریا شدید انفیکشن کا باعث بن سکتا ہے۔

اگر آپ کے بچے کا مدافعتی نظام کمزور ہو یا کمزور ہونے کا شک ہو تو یہ بہت اہم ہے کہ آپ نرس یا ڈاکٹر کو بتائیں ۔ مثلاً:

- بچے کا سرطان یا کسی دیگر سنگین بیماریوں کا علاج چل رہا ہو۔
- دورِ حمل میں بچے کی ماں کا مدافعتی نظام کو دبانے والا حیاتیاتی علاج ہوا ہو۔
- خاندان میں مدافعتی نظام کے مسائل کی تاریخ ہو (بشمول ایچ آئی وی)۔



## کونسے بچوں کو بی سی جی کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کسی ایسے علاقے میں رہتے ہوں جہاں تمام بچوں کو بی سی جی کی پیشکش نہ کی جاتی ہو تو بھی آپ کے بچے کو حفاظتی ٹیکے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

اگر مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی کا بھی جواب '**ہاں**' ہو تو آپ کو اپنے بچے کے لیے بی سی جی کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کرنی چاہیے۔

- کیا آپ کا بچہ، بچے کی والدہ، والد یا اُن کے والدین یا آپ کے ساتھ رہنے والا کوئی فرد کسی ایسے ملک سے آیا ہے جہاں پر ٹی بی کی شرح بلند ہو؟
- کیا آپ اور آپ کا بچہ اُن ملکوں میں سے کسی ایک ملک میں دوستوں یا رشتہ داروں کے پاس رہنے کے لیے جارہے ہیں؟
- کیا آپ کے ساتھ رہنے والے کسی فرد یا آپ کے بچے کے ساتھ کافی زیادہ وقت گزرانے والے کسی فرد کو ماضی میں ٹی بی ہوئی تھی؟




ٹی بی کی بلند شرح والے ممالک ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کے اعدادو شمار اِس سائٹ سے لیے گئے ہیں:

**www.gov.uk/government/publications/tuberculosis-tb-by-country-rates-per-100000-people**

## کیا مجھے کچھ اور جاننے کی ضرورت ہے؟

آپ کا بچہ آٹھ ہفتے کی عمر سے حفاظتی ٹیکے لگوانا شروع کرسکتا ہے قطع نظر اِس کے کہ اُسے بی سی جی کب لگے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے بچے کے جس بازو میں بی سی جی کا انجیکشن لگا تھا اُس بازو میں کم از کم تین ماہ بعد تک کوئی اور ٹیکہ نہیں لگنا چاہیے؛ ورنہ اِس جگہ کے غدود پھول سکتے ہیں۔

یقینی بنائیں کہ مسقبل میں حوالے کے لیے آپ نے اپنے بچے کے پرسنل چائلڈ ہیلتھ ریکارڈ (ریڈ بُک) میں بی سی جی کا اندراج کیا ہو۔




## مزید معلومات

اگر آپ کو ٹی بی، بی سی جی یا کسی دیگر حفاظتی ٹیکہ جات کے بارے میں معلومات درکار ہوں تو اپنے ڈاکٹر، ہیلتھ وزٹر، مڈ وائف یا نرس سے بات کریں؛ یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ **www.nhs.uk/vaccinations.**

**یاد رکھیں ٹی بی کے علاج میں طویل مدت لگتی ہے، اِس سے بچاؤ کہیاں زیادہ آسان ہے۔**

NHS

© کراؤن کاپی رائٹس 2019

(2900193B 75K 1p FEB 2019 (APS

اِس کتابچے کی مزید نقول آرڈر کرنے کے لیے،

جائیں: **www.orderline.dh.gov.uk** یا فون کریں 1002 123 0300, منی کوم:

1003 123 0300 (8 بجے صبح تا 6بجے شام، پیر تا جمعہ)